يَتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ   رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً   صَفًّا صَفًّا

فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ   ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ

وَحْدَهٗ اشْمَأَزَّتْ   وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ   قَعُوْا لَهٗ

سٰجِدِيْنَ   لَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ   رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

تَرْتِيْلًا   كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ   فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا

يَوَدُّ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ   وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

تئیسواں سبق

(ساکن حرف کے بعد مشدّد حرف پڑھنا)

بعض اوقات ساکن حرف کے بعد مشدّد حرف آجاتا ہے اس صورت میں ساکن حرف پڑھنے میں نہیں آتا اور اس سے پچھلے حرف کو اس کے بعد والے مشدّد حرف کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے۔ اس سبق کی مشق کرتے ہوئے مشدّد حرف پر آواز ٹھہرائیں پھر اسکی حرکت پڑھتے ہوئے آگے چلیں مگر حرف سرعت (جلدی) سے ادا کریں سوائے "ن" اور "م" کے ان پر آواز ٹھہرا کر لمبی کریں پھر حرکت پڑھیں۔

مشق

حَطْتُّ   وَدْتُّ   مَنْ نَّ   قَدْتَّ   اِنْ مَّ

وَوْوُّ   قُلْ رَّ   كَبْ مٍّ   مِنْ نَّ   عَنْ مٍّ

اِنْ نَّظُنُّ اَرَدْتُّمْ اَحَطْتُّ رَاوَدْتُّهُ هَلْ لَّنَا

اِذْ ظَّلَمُوْا مَنْ نَّكَثَ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ

عَفَوْا وَّقَالُوْا تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ اِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ

اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا عَنْ مَّوَاضِعِهٖ يٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا

قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

چوبیسواں سبق (نون ساکن وتنوین کے بعد "ل، ر" کا پڑھنا)

نون ساکن یا تنوین کے بعد "ل" یا "ر" ہو تو اس نون کو "ل" یا "ر" بنا کر اس میں مدغم کردیا جاتا ہے (ملا دیا جاتا ہے) اس طرح "ل، ر" پر تشدید آجاتی ہے۔ نون پڑھنے کے لحاظ سے کلیۃً ختم ہو جاتا ہے (اسے ادغامِ تام کہتے ہیں۔)

يَكُنْ - لَهُنَّ سے يَكُنْ لَّهُنَّ (يَكُلَّهُنَّ) مِنْ - رَبِّ سے مِنْ رَّبِّ (مِرَّبِّ)

مشق

كُنْ لَّ مِنْ رَّ طَالٍ لَّ دُرًّ اَنْ لَّ مِنْ رُّ

مِنْ رَّبِّهِمْ يَكُنْ لَّهُنَّ مِنْ لَّدُنْكَ اَنْ لَّيْسَ

مِنْ رُّوْحِيْ وَسَطًا لِّتَكُوْنُوْا اَذًى لَّهُمْ مَنْ لَّمْ يَتُبْ

شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لَذِكْرٌ لَّكَ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

پچّیسواں سبق (نون ساکن یا تنوین کے بعد و، ی کا پڑھنا)

نون ساکن یا تنوین کے بعد "و" یا "ی" آئے تو اس نون کو "و" یا "ی" بنا کر ان میں مدغم کر دیتے ہیں اسطرح ان پر تشدید آجاتی ہے پچھلے حرف کو ان کے ساتھ ملاتے ہیں آواز ناک کی جڑ کی طرف جاتی ہوئی قدرے لمبی ہوتی ہے پھر انکی حرکت پڑھتے ہیں (اسے ادغامِ ناقص کہتے ہیں)

مِنْ - وَلِيٍّ سے مِنْ وَّلِيٍّ ، بِقُوَّةٍ - وَاذْكُرُوْا سے بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا

مشق

مِنْ وَّ   ةٍ وَّ   مَنْ يَّ   ةٍ يَّ   سٍ وَّ   اَنْ يَّ

مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا   مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ   وَنَفْسٍ وَّمَا

سَوّٰىهَا   اَنْ يَّضْرِبَ   لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ   اِنْ

يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطَانًا   خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَا

لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ   مَا لَكُمْ مِّنْ

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ   لَكُمْ فِي الْاَرْضِ

مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ

چھبّیسواں سبق (حروف جن پر آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کرتے ہیں)

اس سبق میں وہ تمام مقامات اکٹھے بیان کر دئے گئے ہیں جہاں بعض ساکن حروف پر یا مشدّد حروف پر (انکی حرکت پڑھنے سے پہلے) آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کرتے ہیں۔ ترتیل، ترنّم اور آواز میں زیر و بم پیدا کرنے کیلئے اس سے چونکہ بہت مدد ملتی ہے اس لئے علیحدہ یکجائی طور پر یہ اکٹھے کر دئے گئے ہیں تجوید کی اصطلاح میں کہیں اخفاء کی وجہ سے ساکن حرف کو لمبا اور غنّہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے کہیں ادغام کی وجہ سے کہیں اقلاب واقع ہوا ہے۔ اصطلاحوں کی تفاصیل کو

چھوڑتے ہوئے اتنا سمجھ لینا کافی ہے کہ ان مقامات پر ساکن یا مشدد حروف پر آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کرتے ہیں۔ مشق میں ان حروف کے نیچے چھوٹا سا خط " = " لگا دیا ہے۔

مشق

۱۔ " م " ساکن جو " ب " متحرک سے پہلے ہو (اس پر آواز کو ٹھہرا کر لمبا کریں گے)

تَرۡمِيۡهِمۡ بِحِجَارَةٍ   وَمَا هُمۡ بِخَارِجِيۡنَ مِنۡهَا

۲۔ " ن " سے بدلی ہوئی " م " : (اس پر بھی آواز کو ٹھہرا کر لمبا کرتے ہیں)

مِنۢ بَعۡدِ مِيۡثَاقِهٖ   مِنۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ   شِقَاقٍۭ بَعِيۡدٍ

۳۔ " م " مشدد : (پر بھی آواز کو ٹھہرا کر لمبا کرتے ہیں)

مِمَّ خُلِقَ   سَمّٰعُوۡنَ لِلۡكَذِبِ   صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ

۴۔ " ن " مشدد : (پر بھی آواز لمبی ہوتی ہے)

اِنَّمَا   لَتُنَبَّئُنَّ   اَيُّهَا النَّبِيُّ   لَيَمَسَّنَّ الَّذِيۡنَ

۵۔ " و " مشدد } (پر بھی آواز لمبی ہوتی ہے)
۶۔ " ی " مشدد } اگر ان سے پہلے نون ساکن یا تنوین ہو

مِنۡ وُّجۡدِكُمۡ   خَيۡرٌ وَّاَبۡقٰى   مَنۡ يَّقُوۡلُ   دُرِّيٌّ

يُّوۡقَدُ   مَنۡ يَّهۡدِ اللّٰهُ   وَمَنۡ يُّضۡلِلِ اللّٰهُ   لُجِّيٍّ يَّغۡشٰهُ

۷۔ نون ساکن یا تنوین کے بعد چھ حروف حلقی " ء، ہ، ع، ح، غ، خ " حروف یرملون یعنی ی، ر، م، ل، و، ن اور ب کے علاوہ کوئی حرف ہوگا تو ن پر آواز کو ٹھہرا کر لمبا کریں گے۔

اِنۡ كُنۡتُمۡ   قَوۡمًا صٰلِحِيۡنَ   فَمَنۡ كَانَ مِنۡكُمۡ مَّرِيۡضًا

قَالَ وَمَنۡ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيۡلًا ثُمَّ اَضۡطَرُّهٗۤ

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ

ستائیسواں سبق (وقف کے طریق)

درج ذیل مقامات پر وقف کرتے ہوئے آخر کو ساکن کر دیتے ہیں۔ (علاماتِ وقف قاعدہ کے آخر میں ملاحظہ ہوں)

ا۔ آخری حرف پر فتحہ ، کسرہ ، ضمہ ہو تو اسے ساکن کر دیتے ہیں۔

وَالِدَتُكَ ○ رُسُلِ ○ بِالْقِسْطِ م صٰدِقِيْنَ ○

فِيْهِ ج يُنْفِقُوْنَ ○ زَوْجٰنِ ط شُهَدَآءُ ط

عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ط اِيَّايَ ط هُوَ ط فَنَسِيَ ○

ب۔ آخر میں "کسرہ" والی یا "ضمہ" والی تنوین ہو تو اسے ساکن کر دیتے ہیں۔

لَهَبٍ ط حَافِظٌ ○ شَاْنٍ ○ عَظِيْمٌ م شَيْءٍ ج

لَهْوٌ ط بَرْقٌ ج مُلْكٌ م

ج۔ آخری حرف پر کسرہ اشباعیہ یا ضمہ اشباعیہ ہو تو اسے سکون میں بدل دیتے ہیں۔

غَيْرِهٖ ○ دَلْوَهٗ ○ بِاِذْنِهٖ ط حَمِدَهٗ م

نوٹ: "و، ي" متحرک سے پچھلا حرف بھی متحرک ہو تو یہ وقف کی صورت میں حروفِ مدّ کے طور پر پڑھی جاتی ہیں انکی حرکت ختم کر کے آواز لمبی ہوگی۔

حرف مشدد پر وقف کرتے ہوئے اس کی حرکت ختم ہوگی۔ مگر تشدید ظاہر کرنے کیلئے آواز کو ذرا کھینچیں۔

تَبَّ ۚ فِيهِنَّ ۚ جَآنٌّ ۚ اَمَرَّ ۝ مُسْتَقِرٌّ ۝

" ۃ " پر وقف کی صورت میں اسے " ہ " ساکن بنادیتے ہیں

قُوَّةً ۚ (قُوَّہْ) ثَمٰنِيَةٌ ۝ تُقٰةً ۚ

فتحہ والی تنوین پر وقف کرنا ہو تو اسے حرفِ مد " ا " کی طرح پڑھا جائے گا

رَقِيْبًا ۝ (رَقِيْبَا) ضُحًى ۝ مُصَلًّى ۝ نِسَآءً ۚ نِدَآءً ۚ

اَعْلَى ۝ اَشْقَى ۝ جیسے الفاظ پر وقف کرتے ہوئے آخر میں " ي " کی وجہ سے فتحہ کو الف بنا کر پڑھیں گے

آخر میں الف ہو، فتحہ اشباعیہ ہو یا ساکن حرف ہو تو وقف کی صورت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

اَبٰى ۝ زَكَرِيَّا ۝ قَوَارِيْرَا ۝ كُوِّرَتْ ۝ تَنْهَرْ ۝

فَحَدِّثْ ۝ ذِكْرٰى ۝

اٹھائیسواں سبق (گزشتہ اسباق میں سکھائے گئے قواعد کا اعادہ)

اس سبق میں دیئے گئے جملوں کو پڑھتے ہوئے متحرک حروف کو لمبا نہ ہونے دیں، حروف مدہ اور انکی قائمقام حرکات کو ٹھیک طرح لمبا کرکے پڑھیں، ساکن حروف پر آواز ٹھہراتے ہوئے پڑھیں انکو ہلنے نہ دیں سوائے پانچ حروف کے " ق، ط، ب، ج، د " (ان کو تھوڑی جنبش کیساتھ پڑھیں) جن ساکن یا مشدد حروف کے نیچے چھوٹا سا خط ہے ان پر آواز ٹھہراتے ہوئے قدرے لمبی کریں۔ پورا جملہ درمیان میں آواز توڑے بغیر ایک سانس میں پڑھنے کی مشق کریں۔ بار بار دہرائیں

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ

فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى

لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ
فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ
مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ
هِيَ اَحْسَنُ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا
فَقَالَ اَنْۢبِئُوْنِيْ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ
حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ
الْمُتَطَهِّرِيْنَ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ شَيْءٌ
فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً
طَيِّبَةً قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ
يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ
اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتَابِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ وَلَوْ كُنْتَ
فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ وَلٰكِنْ
يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ
النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ
بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ

يَأْلَمُوْنَ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَمَا هُوَ

بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ وَلَا يَحِلُّ

لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِىْ عَلَيْهِنَّ

بِالْمَعْرُوْفِ فَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ فَاِنْ اَرَادَا

فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا

عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا

تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا ۔ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا

انتیسواں سبق

(مدّات)

حرف مدّ جس پر کہ آواز قدرے لمبی ہوتی ہے اسے مدّ اصلی یا طبعی کہتے ہیں

حروفِ مدّہ یا ان کی قائمقام حرکات کے بعد اگر ہمزہ آجائے تو ان کی آواز مزید لمبی ہوجاتی ہے اسے مدِّ زائد کہتے ہیں۔ مدّ زائد کے علامت کے طور پر حرفِ مدّ کے اُوپر تلوار کا نشان ~ لگایا جاتا ہے۔

حرفِ مدّ ایک لفظ کے آخر میں اور سببِ مدّ یعنی "ء" بعد والے لفظ کے شروع میں ہو۔ یہاں مدِّ زائد ہوتی ہے اور اسے مدِّ منفصل کہتے ہیں اَلَآ اِنَّهُمْ۔ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

اگر حرف مدّ اور ہمزہ ایک ہی لفظ میں اکٹھے ہوں تو یہاں بھی مدّ زائد آتی ہے جسے مدِّ متصل یا مدّ لازم کہتے ہیں۔ جیسے جَآءَ ۔ سِيْٓـَٔتْ ۔

يَآاِبْرٰهِيْمُ وَجَآءُوْآاَبَاهُمْ وَجِآيْءَيَوْمَئِذٍ يٰآدَمُ

وَرِثَـٰهٗٓ اَبَوَاهُ لَايَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ بَنُوْٓاِسْرَآءِيْلَ

حرف مدّ کے بعد ساکن حرف ہو یا مشدّد حرف ہو اور اس حرفِ مدّ کا قائم رکھنا ضروری ہو تو یہاں بھی مدّ زائد ہوتی ہے۔ آٰلْـٰٔنَ ۔ اَلْحَآقَّةُ

نوٹ : اگر حرفِ مدّ کے بعد ساکن یا مشدّد حرف ہو تو اکثر اوقات حرف مدّ گرا دیا جاتا ہے۔ پڑھنے میں نہیں آئے گا۔ دیکھئے سبق نمبر ۲۱ ۔

مُدْهَآمَّتٰنِ ضَآلًّا آٰلْـٰٔنَ آٰللّٰهُ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ

حَآدَّ اللّٰهَ آٰمِّيْنَ حَآجُّوْنِّيْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

حروفِ تہجی جو بعض سورتوں کی ابتداء میں ہیں جنکو "مقطعات" کہتے ہیں ان میں سے جس حرف کے تلفظ میں حرف مدّ کے بعد ساکن حرف ہوگا اس پر بھی مدّ آئے گی۔ حرف لین بھی اسی حکم میں ہے کیونکہ اس کو بھی حرفِ مدّ کی طرح وقت دے کر پڑھا جاتا ہے۔

نٓ قٓ يٰسٓ الٓرٰ

الٓمّٓ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰسٓمّٓ

کسی ایسے لفظ پر وقف کریں جس کے آخری حرف سے پہلے حرف مدّ ہو اور آخری حرف کو وقف کی وجہ سے ساکن کریں تو مدّ کا سبب پیدا ہو جائے گا یعنی حرفِ مدّ کے بعد ساکن حرف آجائے گا۔ تو یہاں بھی مدّ زائد ہوگی۔ جیسے اَنْبِيَانْ ۔ تَعْمَلُوْنْ ۔ اسے مدِّ عارض وقفی یا مدّ عارض للسکون کہتے ہیں۔

نوٹ: حرفِ مدّ کو لمبا کرنے کے بعد مشدّد حرف کو مضبوطی سے ادا کیا جائے۔

تیسواں سبق (بعض مشکل الفاظ پر مشتمل آیات کے ٹکڑے)

اس سبق کی مشق میں درج ذیل امور کی پابندی کریں ۱۔ حروفِ مدّہ اور مدّات میں نمایاں فرق کریں۔ ۲۔ مشدّد حروف کو مضبوطی سے ادا کریں (ان پر آواز قدرے ٹھہرانے کے بعد انکی حرکت پڑھیں) ۳۔ جن حروف کے نیچے خط دیا گیا ہے صرف ان حروف پر آواز کو ٹھہراتے ہوئے لمبا کریں ۴۔ ایک جملہ مسلسل بغیر آواز توڑے یا درمیان میں سانس لئے پڑھنے کی مشق کریں۔

ـلْ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ يُؤْمِنُوْنَ

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَاِذَا قِيْلَ

لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ

اٰمَنَ السُّفَهَآءُ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ كُلَّمَآ

اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ

اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ اهْبِطْ

بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ

فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ

مُّبٰرَكَةٍ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ

قُمِ الَّيْلَ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَلَا تُطِعْ

كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ

كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ

اکتیسواں سبق

(متحرک حرف کے بعد الف زائد)

قرآن کریم کی عبارت میں دو موقعے ایسے ہوتے ہیں کہ متحرک حرف کے بعد " ا " لکھا ہوتا ہے لیکن پڑھنے میں نہیں آتا ۱۔ واحد متکلم کی ضمیر " اَنَا " کا الف ۲۔ تنوین سے بدلے ہوئے نون سے پہلے والا الف

۱۔ ضمیر واحد متکلم " اَنَا " کا تلفظ " اَنَ " ہے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ

لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ

الْمُشْرِكِيْنَ

۲۔ نون " نِ ":۔ " ا " کے نیچے چھوٹا سا نون " نِ " لکھا ہوتا ہے یہ تنوین سے بدلا ہوا نون ہوتا ہے۔ اگر اس سے پہلے لفظ کے آخر میں " ا " ہو تو اس " ا " کو نہیں پڑھتے بلکہ اس سے پہلے متحرک حرف کو بغیر لمبا کئے اور نون " نِ " کو پڑھتے ہوئے آگے چلیں گے۔

خَيْرًا ۨالْوَصِيَّةُ (خَيْرَنِ الْوَصِيَّةُ) شَيْئًا ۨتَّخَذَ (شَيْئَنِ تَّخَذَ)

ان کے علاوہ بھی کئی مقامات پر الف زائد لکھا ہوتا ہے مگر اس کے اوپر نشان " × " یا " ٥ " لگا ہوتا ہے جس کی وجہ سے غلطی کا امکان کم ہو جاتا ہے مگر درج بالا جگہوں پر کوئی نشان نہیں ہوتا

بتیسواں سبق

("ال" والے لفظ سے ابتداء کا طریق)

جب ابتداء کسی ایسے لفظ سے کرنی ہو جس کے شروع میں " ال " ہو جیسے الْمُؤْمِنُ السَّلَامُ تو شروع کے الف پر فتحہ دے کر پڑھتے ہیں اَلْمُؤْمِنُ اَلسَّلَامُ اسی طرح الَّذِيْ اور الَّذِيْنَ کے الف پر بھی فتحہ آتی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۙ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۙ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

تینتیسواں سبق

اکتیسویں سبق میں نون "نِ ا" کا ذکر گزرا ہے یہ نون پچھلے لفظ کی تنوین سے بدلا ہوتا ہے لہذا جب تک پچھلے لفظ سے اسکا تعلق رہے یہ قائم رہتا ہے اور جب پچھلے لفظ سے تعلق کاٹ دیں تو یہ ختم ہو جاتا ہے۔

اس سبق میں یہ سکھانا مقصود ہے کہ جہاں تنوین سے بدلا ہوا نون ہو وہاں اگر ملا کر پڑھنا ہو تو تیسویں سبق میں بتائے ہوئے طریق کے مطابق نون "نِ ا" سے پہلے لفظ کا آخری الف ختم ہو جائے گا اور اس حرف سے پہلے متحرک حرف کو بغیر لمبا کئے نون "نِ ا" کو پڑھتے ہوئے آگے چلیں گے مثلاً عَرْضَاۨ نِ الَّذِیْ تو اسے پڑھیں گے عَرْضَ نِ لَّذِیْ

اگر وقف کرنا ہو تو جو لفظ "ا" پر ختم ہو رہا ہے اس کے "ا" کو پڑھتے ہوئے اس پر ٹھہر یں گے۔ اس طرح اس کا تعلق ما بعد سے کٹ جائیگا لہذا تنوین سے بدلا ہوا نون نہیں پڑھا جائیگا بلکہ اگلے لفظ کے ابتدائی الف کو مناسب حرکت دے کر پڑھیں گے۔ مثلاً شِیْبَاۨ نِ السَّمَآءُ ہے تو وقف کی صورت میں اسے پڑھیں گے شِیْبَا ہ اَلسَّمَآءُ، مُرِیْبِ نِ الَّذِیْ ہے تو اسے وقف کی صورت میں پڑھیں گے: مُرِیْبٍ ہ اَلَّذِیْ

مشق

وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَاۨ نِ الَّذِيْنَ

كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

سَمْعًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ

شِيْبَاۨ نِ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ط كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝

چونتیسواں سبق

تیسویں سبق میں سکھایا گیا تھا کہ اگر ایسے لفظ سے تلاوت کا آغاز کرنا ہو جس کے شروع میں "ال" لگا ہوا ہے تو "ا" کو فتحہ دیکر پڑھیں جیسے اَلْحَمْدُ، اَلْمُؤْمِنُ اور اسی طرح اَلَّذِیْ اور اَلَّذِیْنَ وغیرہ کے ا پر بھی فتحہ دی جاتی ہے۔ اس سبق میں یہ سکھانا مقصود ہے کہ اس کے

علاوہ اگر کوئی صورت ہو تو الف کو کیا حرکت دیں گے۔

مندرجہ بالا صورتوں کے علاوہ اگر ایسا لفظ ہو جس کی ابتداء میں الف حرکت سے خالی ہے اور تلاوت کی ابتداء بھی اسی لفظ سے کرنی ہو تو پھر ہمیں ا کے بعد جو ساکن حرف ہے اس کے ساتھ والے حرف کی حرکت کو دیکھنا ہے۔ اگر وہ ضمہ ہے ا کو ضمہ دیکر پڑھیں گے۔ جیسے اذْكُرْ رَبَّكَ ہے ا کے بعد ذال ساکن ہے، اس کے ساتھ "كُ" کی حرکت ضمہ ہے لہذا ہم "ا" کو ضمہ سے پڑھیں گے اُذْكُرْ رَبَّكَ۔

اور اگر ا کے بعد ساکن حرف کے ساتھ کے متحرک حرف پر فتحہ یا کسرہ ہے تو دونوں صورتوں میں ا کو کسرہ دے کر پڑھیں گے جیسے افْتَحْ ہے ا کے بعد "ف" ساکن ہے اور اسکے ساتھ والے حرف "ت" پر فتحہ ہے اس لئے ا کو کسرہ دیں گے اِفْتَحْ۔ اسْتِكْبَارًا ہے اس میں ا کے بعد ساکن حرف کے ساتھ والے حرف "ت" پر کسرہ ہے اس لئے ا پر کسرہ دیں گے اور یوں پڑھیں گے۔ اِسْتِكْبَارًا۔

مشق

فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۙ اِسْتِكْبَارًا

فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۔ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ۚ

اُقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ

وَتَكُوْنُوْا مِنْ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝ هٰرُوْنَ اَخِي ۝ۙ

اُشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ۔ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ۖق

اِرْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ۚ

پینتیسواں سبق

۱۔ تلاوت میں سلاست، روانی، ترنم اور آواز بنا کر پڑھنے کیلئے جن امور کی ضرورت ہے پچھلے اسباق میں بڑی وضاحت سے بیان کئے گئے ہیں۔ حروفِ مدہ اور انکی قائمقام حرکات کو مناسب

لمبا کرنا۔ جہاں مدّ آجائے وہاں مزید لمبا کر کے پڑھنا۔ مشدّد حروف کو مضبوطی سے یعنی ان پر آواز قدرے ٹھہراتے ہوئے پڑھنا۔ ساکن حرف یا مشدّد حرف کو اسکی حرکت پڑھتے سے پہلے جہاں لمبا ہونا چاہیئے وہاں لمبا کر کے پڑھنا۔ اگر ان چیزوں کی اچھی طرح مشق کر لی گئی ہو تو روانی، آسانی اور خوش الحانی سے تلاوت کی جاسکتی ہے۔

٢۔ تسلسل اور روانی کے لئے یہ بات یاد رکھیں کہ جہاں لمبا کرنا ہو وہاں لمبا کرنے کے بعد آواز ٹوٹنی نہیں چاہیئے خصوصاً مدّ کو لمبا کرنے کے بعد اکثر لوگ آواز توڑ دیتے ہیں۔ اور پھر اگلا حصہ پڑھتے ہیں اس میں اگر دقت ہو تو پچھلے اسباق میں مزید محنت کی ضرورت ہے۔ لمبا کرنے کے بعد آواز ٹوٹنی نہیں چاہیئے ورنہ ظاہر ہے تسلسل نہیں رہے گا اور تلاوت میں روانی نہیں آئے گی۔

٣۔ اس سبق میں اس امر کا اہتمام کریں کہ جہاں علامتِ وقف ہو وہاں ضرور وقف کریں۔ وقف کی صورت میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں ستائیسویں سبق میں بیان کی گئی ہیں ان کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے مناسب تبدیلی کے ساتھ وقف کریں۔

٤۔ اگر بغیر علامتِ وقف کے بھی رُکنا پڑے تو بھی وقف کے قواعد کے مطابق مناسب تبدیلی کے ساتھ وقف کریں اور پھر دوبارہ پیچھے سے ملا کر پڑھیں۔

٥۔ علامتِ وقف کے بغیر اگر رُکنا پڑے تو جہاں لفظ ختم ہوتا ہے وہیں رکیں لفظ کے درمیان میں آدھا لفظ پڑھ کر نہ رُکیں دوبارہ شروع کرتے وقت بھی خیال رکھیں کہ جس طرح لفظ ہے اسی طرح پڑھیں اپنے پاس سے کمی بیشی نہ کریں۔ مثلاً یہ آیت پڑھتے ہوئے اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ آپ الْمُؤْمِنُ پر رکیں تو پہلے یہ اہتمام ہو کہ آپ الْمُؤْمِنُ پر ٹھہریں نہ یہ کہ اَلْمُؤْمِنُ کا اَلْ پڑھ کر (یعنی اَلسَّلٰمُ اَلْ کہہ کر) رُک جائیں۔ اسی طرح جب آگے چلنا ہے تو بھی پورے لفظ کو شروع سے پڑھنا ہے سَلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ نہیں پڑھنا چونکہ "اَل" سلام کے لفظ کا حصہ ہے اس لئے "ل" کو فتحہ دیتے ہوئے اَلسَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ پڑھیں گے۔

٦۔ سکتہ اور وقفہ: صوتی حسن وجمال کا تقاضا یہ ہے کہ آواز صاف ہو اور آواز میں روانی اور تسلسل ہو۔ آواز ٹوٹتی ہو تو اس سے خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔ لہٰذا آیت کا ایک حصہ پڑھتے ہوئے ضروری ہے کہ جب تک وقف کرنا مقصود نہ ہو آواز میں تسلسل رہے۔ لیکن قرآن کریم پڑھتے ہوئے ہم نے صرف آواز پر ہی زور نہیں دینا بلکہ مفہوم کے مطابق پڑھنا اصل مقصد ہے۔ اور آواز میں روانی پیدا کرنے کی ہماری کوشش بھی اصل میں اسی مقصد کیلئے ہے کہ جس طرح ہم اپنی زبان میں ایک جملہ تسلسل سے بولتے ہیں درمیان میں زبان لڑکھڑائے یا آواز ٹوٹے تو وہ گفتگو کو بھونڈا بنا دیتی ہے۔ تاہم قرآن کریم کی جو زبان ہے اس میں بعض اوقات مفہوم کو نمایاں کرنے کیلئے جملے کے دوران تھوڑا سا توقف کرتے ہیں مگر سانس نہیں توڑتے اس کو سکتہ کہتے ہیں جیسے قِيلَ مَنْ ۜ

رَاقٍ ہے قاعدہ کے مطابق اسے مَنْ رَّاق (مَرَّاقٍ) پڑھا جانا چاہیئے تھا جیسے مِنْ + رَبِّهِمْ کو ہم مِـرَّبِّهِمْ پڑھتے ہیں۔ لیکن یہاں چونکہ مَنْ پر تھوڑا سا توقف کرنے یعنی معمولی سا ٹھہرنے سے مفہوم واضح ہوتا ہے اور اس کا حسن دوبالا ہوتا ہے اس لئے مَنْ کی "م" کو "رَاقٍ" کی "ر" سے ملانے کی بجائے مَنْ ہی پڑھیں گے اور سانس توڑے بغیر ذرا سا توقف کرتے ہوئے اگلا لفظ رَاقٍ پڑھیں گے۔ اس معمولی سے توقف کو سکتہ کہتے ہیں۔

۷۔ وقفہ: سکتہ طویلہ کی علامت ہے یعنی یہاں قدرے زیادہ توقف کرنا ہوتا ہے۔ مگر سانس نہیں توڑا جاتا جیسے وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا وقفہ اس کو اگر تسلسل سے پڑھتے جائیں تو جملے کی بناوٹ اور مفہوم کا حسن قائم نہیں رہتا۔ لہذا وَاعْفُ عَنَّا پڑھ کر آواز بند ہو مگر سانس نہ ٹوٹے ورنہ وقف ہو جائے گا۔ جس سے پھر حسنِ مفہوم متاثر ہوگا۔

قارئین وقفہ اور سکتہ کے ساتھ پڑھنے سے سمجھ سکتے ہیں کہ کلام پاک کے مفہوم و مطالب کو قائم رکھنے کیلئے روانی اور تسلسل کے ساتھ پڑھنا کتنا اہم اور ضروری ہے۔ اگر ہم تلاوت کرتے ہوئے جابجا آواز توڑیں گے اور سکتہ اور وقفہ والی کیفیت پیدا کریں گے تو کلام اللہ کا صوتی حسن متاثر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ۙ
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ۙ
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ
بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ؕ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ق وَ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ
ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز وَّ

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُولُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ع

وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ وقف لازم

اٰمَنُوْا ج وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ط فِيْ

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ لا فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ج وَلَهُمْ عَذَابٌ

اَلِيْمٌ ۝لا بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي

الْاَرْضِ لا قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ

اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ط اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا

اٰمَنَّا ج صلے وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ لا قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ

مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ص فَمَا

رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ (البقرۃ)

وقفہ اور سکتہ کی مشق

معنی کو علیحدہ اور نمایاں کرنے کے لئے وقفہ اور سکتہ کیا جاتا ہے۔ جس لفظ پر وقفہ یا سکتہ کریں گے آخر میں تبدیلی کے لحاظ سے اس پر وقف کے احکام جاری ہوں گے۔ مزید وضاحت کے لئے دیکھیں

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ
اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟
اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ)

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ
بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝
وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ۝ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ
بِالسَّاقِ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۣ الْمَسَاقُ ۝ (القیامۃ)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ
زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ
اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ
مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (ھود)

ٹ یہاں "ر" کی کسرہ مشابہ کو یائے مجہول کی طرح پڑھنا ہے چنانچہ مجْرِی ھَا کی بجائے مجْرے ھا پڑھیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ
فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ
بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا
رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّ اٰمَنَهُمْ
مِّنْ خَوْفٍ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝
وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ
هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝ وَ
يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ

شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ ع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ
اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ط اِنَّهٗ كَانَ
تَوَّابًا ۝ ع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝
سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ط حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝
فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ ع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ

يُوْلَدْ ۝ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ۧ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ
حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ۧ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۝ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ۙ مِنْ
شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ۙ الْخَنَّاسِ ۝ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ۙ
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ۧ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ وَتُبْ
عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

رموزِ اوقاف

علامات وقف قطعی اور الہامی نہیں ہیں تاہم جس شخص کو عربی زبان سے مَس نہیں ہے اسے ان کی رعائت اور پابندی کرنی چاہیے۔

م : وقف لازم کی علامت ہے یہاں ٹھہرنا لازمی ہے۔

ط : وقف مطلق کی علامت ہے چونکہ اس وقف پر ماقبل اور مابعد کو ملا کر پڑھنے کی وجہ نہایت ضعیف بلکہ ناپید ہوتی ہے۔ اس لئے احسن یہی ہے کہ یہاں وقف کر کے مابعد سے ابتداء کی جائے۔

ج : وقف جائز کی علامت ہے۔ یہاں وصل اور وقف دونوں روا ہیں لیکن ٹھہرنا بہتر ہے۔

ز : وقفِ مجوز کی علامت ہے۔ یہاں وقف کی وجہ بھی موجود ہوتی ہے اور وصل کی بھی۔ لیکن وصل کی جہت زیادہ قوی اور واضح ہوتی ہے۔ نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

ص : وقف مرخص کی علامت ہے اس سے مراد ہے کہ یہاں دونوں باتوں کا باہمی تعلق ہے، ہاں معنوں کے لحاظ سے ہر بات مستقل حیثیت بھی رکھتی ہے۔ یہاں چاہیئے تو ملا کر پڑھنا لیکن اگر پڑھنے والا تھک کر رک جائے تو رخصت ہے۔

ق : قیل علیہ الوقف (کہا گیا ہے کہ اس مقام پر وقف ہے) کی علامت ہے۔ یہ علامت ضعفِ وقف کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

لا : لا وقف علیہ (اس مقام پر کوئی وقف نہیں) کی علامت ہے یہاں ہرگز نہ وقف کریں اگر وقف ہو جائے تو اعادہ واجب ہے۔

قف : (ٹھہر جا) جہاں یہ گمان ہو کہ قاری وقف کرلے گا وہاں قف کی علامت لکھی جاتی ہے۔

سکتہ : سانس لئے بغیر تھوڑا سا ٹھہر جانا۔ پڑھنے والا یہاں ذرا سا ٹھہر جائے سانس نہ توڑے۔

وقفہ : لمبے سکتے کی علامت ہے یعنی جتنی دیر میں سانس لیتے ہیں پڑھنے والا اس سے کم ٹھہرے وقفہ اور سکتہ قریب المعنی ہیں لیکن سکتہ وصل سے قریب تر ہوتا ہے اور وقفہ وقف کے۔

صل : قد یوصل (کبھی کبھی ملا کر پڑھا جاتا ہے) کی علامت ہے یعنی پڑھنے والا کبھی اس جگہ ٹھہر جاتا ہے۔ کبھی نہیں ٹھہرتا۔

صلے : الوصل اولی کی علامت ہے یعنی ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔

○ : یہ آیت کی علامت ہے جہاں فقط یہی علامت ہو وہاں وقف کیا جائے۔ اگر آیت پر "لا" ہو تو ترک وقفِ اولیٰ ہاں ضرورۃً ٹھہرا جائے تو مضائقہ بھی نہیں۔

∴ : اگر کوئی عبارت تین تین نقطوں کے درمیان گھری ہوئی ہو تو پڑھنے والے کو اختیار ہے کہ پہلے تین نقطوں پر وقف کر کے دوسرے تین نقطوں پر وصل کرلے یا پہلے تین نقطوں پر وصل کر کے دوسرے تین نقطوں پر وقف کرلے۔ اس قسم کی عبارت کو معانقہ کہتے ہیں۔

ملنے کا پتہ

National Shoba Ishaat
Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland e.V.
Genfer Strasse 11
D-60437 Frankfurt am Main
Tel. (069) 50688-650 • Fax. (069) 50688-666
Internet: www.ahmadiyya.de

Tarteel-ul-Quran
(Urdu)

This book contains lessons to learn recitation of the Holy Quran in a correct way. The Holy Prophet (peace and blessings of Allah be upon him) has said that the Quran should be recited in the accentuation of Arabs. Therefore, the author has explained important rules to achieve this purpose before each lesson to make the students easy to learn recitation accordingly.

He has given exercises in such a way that the students are able to revise what they have learnt before. At the end of the book Quranic verses and small Suras have been included to examine knowledge of the students. The author has used simple and easy language by avoiding difficult terms which has made the book more beneficial.